AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin

Dated : 16-10-2026

Time : 09:25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں عمر مختار۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نوجوان ایتھلیٹ جموں کشمیر کے کھیل کود کے مستقبل کی وراثت کے وارث اور سفیر ہیں ۔سرینگر کے جھیل ڈل میں ’جشن ڈل‘ کے نام سے کئی زمروں کے آبی کھیلوں کی کامیاب تکمیل پر جموں کشمیر پولیس کو مبارکباد دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ **JKP** نے اپنے کئی اہم اقدامات سے جموں کشمیر میں کھیل کود کا ایک بہترین ماحول پیدا کیا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر نے ’رن فار یونٹی‘ اور آئندہ ’پیڈل فار پیراڈائز‘ ریلی کا ذکر کرتے ہوئے جموں کشمیر پولیس کے سوک ایکشن پروگرام اور نوجوان دوست اقدامات کی بھی سراہنا کی۔ انہوں نے جشن ڈل کے مقابلوں میں میڈیل جیتنے والے ایتھلیٹوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نوجوانوں کو منشیات سے پاک ایک سماج کی تعمیر کیلئے بڑے خواب دیکھنے کی تلقین کی

۔

CM گاندربل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گاندربل کا دورہ کر کے ضلعے کے ترقیاتی منظرنامے کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے وہاں کئی اہم پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے کے علاوہ کچھ دیگر منصوبوں کا افتتاح بھی کیا۔

ان پروجیکٹوں میں خاص طور پر دریائے جہلم پر گزہامہ شلوت کے نزدیک **39** کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والا ایک پُل،کئی سڑک پروجیکٹ،فروٹ اینڈ ویجٹیبل منڈی ززنہ میں کثیر المقاصد آکشن شیڈ،ایک مقامی سکول میں نئی عمارت بھی شامل ہیں۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی سرکار جموں کشمیر میں ترقیاتی عمل کو پورے عزم کے ساتھ آگے بڑھانے پر کاربند ہے۔

----**V/o**-------

عمر عبداللہ نے ساتھ ہی سیاحتی مقام سونمرگ کو سرمائی کھیلوں کے ایک مرکز کے طور پر ترقی دینے کا ارادہ بھی ظاہر کیا۔

چیف سَیلر یٹری

زرعی جدیدیت اور پیداوار میں اضافے کی سمت میں ایک اہم پیش رفت کے تحت چیف سیکریٹری اتل ڈلو نے جموں کشمیر کیلئے پردھان منتری راشٹریہ کرشی وکاس یوجنا کے ایگریکلچرل ماڈرنائزیشن پروگرام کے تحت **2026-27** کیلئے **13** کروڑ **76** لاکھ روپے کے نظرثانی شدہ سالانہ عملی منصوبے کی منظوری دی ہے۔

اسی طرح سے کاشت کاری میں کام آنے والی مشینری میں جدیدیت کے ساتھ پیداوار میں بڑھاوا حاصل کرنے کی غرض سے بھی **11** کروڑ **16** لاکھ روپے مختص رکھے گئے ہیں، جن سے کسانوں میں **2** ہزار **113** مشینری یونٹ تقسیم کئے جائیں گے۔

اس سلسلے میں منعقدہ میٹنگ میں محکمہ زرعی پیداوار کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری ڈاکٹر آشیش چندر ورما بھی موجود تھے، جنہوں نے زراعت اور ہارٹیکلچر کے سیکٹروں میں اس پروگرام کے تحت اب تک کی حصولیابیوں کے بارے میں جانکاری دی۔

فوڈ ڈے

آج خوراک کا عالمی دن ہے۔ یہ دن اقوام متحدہ میں **1945** میں **16** اکتوبر کو فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے قیام کی مناسبت سے منایا جاتا ہے۔اس دن کا مقصد بھوکمری سے پاک دنیا کے نظریہ کا فروغ ہے۔

یہ دن ہمیں دنیا سے بھوک مٹانے،خوراک کے زیاں کو روکنے اور دیرپا کاشتکاری کو اپنانے کی ترغیب دیتا ہے تاکہ اجتماعی طور پر پوری دنیا میں بھوک اور تغذیہ کی کمی کو دور کیا جاسکے۔

دنیا کے مختلف حصوں میں مخدوش حالات کو دیکھتے ہوئے ایسا باور کیا جاتا ہے کہ آنے والے وقت میں خوراک کی کمی درپیش آسکتی ہے،لہٰذا یہ دن حکومتوں، متعلقہ تنظیموں، کسانوں اور عام لوگوں کو اس بات کی ترغیب دیتا ہے کہ ہم ہر کسی فرد کیلئے مناسب،صحت بخش اور محفوظ غذاؤں تک رسائی یقینی بنانے کیلئے مل کر کام کریں۔

پلوامہ میٹنگ

ڈپٹی کمشنر پلوامہ کلدیپ کرشن سدھا نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضلعے میں منشیات مخالف مہم میں مزید تیزی لائیں تاکہ اس بدعت کو جڑ سے اکھاڑ پھینک دیا جاسکے۔

وہ اس سلسلے میں ضلع سطح کی نارکو کوارڈینیشن سینٹر یعنی (**NCORD**) کی ایک میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے، جس دوران نشہ مکت بھارت ابھیان پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

ڈی سی شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان چرندیپ سنگھ نے جل شکتی اور اری گیشن اینڈ فلڈ کنٹرول محکمہ کی ایک جائزہ میٹنگ کے دوران ہدایت دی ہے کہ ان تمام علاقوں میں پینے کے پانی کی دستیابی یقینی بنائی جائے، جہاں پانی کی قلت پائی جا رہی ہے۔
انہوں نے ہر گھر جل پہنچانے کے اہداف کو اپنے مقررہ وقت کے اندر ہی مکمل کرنے کی بھی تاکید کی۔

جتن کشور

ڈپٹی کمشنر بڈگام جتن کشور نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ائرفورس سٹیشن سرینگر، بڈگام کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے، تاکہ یہ سٹیشن احسن طریقے پر کام کرسکے۔
میٹنگ کے دوران سٹیشن کیلئے بجلی، پانی، صفائی ستھرائی اور سڑک وغیرہ جیسی سہولیات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

JKEDI

JKEDI کے بارہمولہ سینٹر کی جانب سے صنعت کاری اور سکل ڈیولپمنٹ کے تین تربیتی پروگرام منعقد کئے گئے۔ اس دوران **85** بیروزگار نوجوانوں کو انٹرپرینیورشپ اور سکل ڈیولپمنٹ کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا گیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **7** عشاریہ **4** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **15** اعشاریہ **3** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ